
| 1۔اگست | سال دوئم عام ایام | ہفتہ |
|---|---|---|



**مقدس الفونس مریادی لگوری، اسقف، معلمِ کلیسیاء** | **رنگ سفید**

ارمیا11:26۔16،24 | زبور68

متی14:1۔12

## مرکزی آیت: ''اپنا چال چلن بہتر کرو۔'' ارمیا 13:26

عدالت ارمیا نبی پر فتویٰ لگانے کو ہے۔ مگر اس نے لوگوں کو خدا کی فرمانبرداری کی طرف بلانے کا کام جاری رکھا۔ اس کی باتوں کو سننا اور اپنی زندگی کو اس کو حکمت کے مطابق ڈھالنا ضروری ہے۔ خدا کی محبت چھوٹوں اور غریبوں کے لئے انسانی انصاف میں جھلکتی ہے۔ ورنہ ایسا انصاف خدا کے شایان شان نہیں ہوتا اور تباہی اور دکھ کا باعث بنتا ہے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| اتوار | سال اول عام ایام کا اٹھارواں اتوار | 2۔اگست |
|---|---|---|

اشعیا 55:1۔3 زبور 144

رنگ سبز

رومیوں 8:35، 37۔39 متی 14:13۔21

## مرکزی آیت: ''وہ ایک ویران جگہ علیحدہ چلا گیا۔'' متی 13:14

جب یسوع نے سنا کہ یوحنا بپتسمہ دینے والے کو ہیرودیس نے قتل کر دیا ہے، تو وہ اس کی شرارت سے بچنے کے لئے الگ ہو گیا۔ مگر یسوع کے لئے تنہائی کا مطلب دعا کرنا اور باپ کی سننا ہے۔ مگر اب لوگ اس کے بغیر نہیں رہ سکتے۔ لہذا اس کے پاس صحت منداور بیمار دونوں آتے ہیں۔ جنہیں وہ شفا دیتا ہے۔ تاہم ہیرودیس یسوع کو اس امر کا صلہ نہیں دے گا کہ وہ اس کی رعایا کو بیماریوں سے شفا دے رہا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

ارمیا28:1۔17 زبور118

رنگ سبز

متی14:22۔36

**مرکزی آیت:"اے خداوند مجھے بچالے۔" متی14:30**

یہ پطرس کی چیخ و پکار ہے۔جب وہ اپنے آپ کو خطرے میں پاتے ہوئے اپنے ایمان میں قائم نہ رہ سکا۔وہ یسوع کی طرح پانی پر چل کر اس کے پاس جانا چاہتا ہے۔مگر تیز و تند ہوا کے ایک جھونکے سے ہی وہ بھول جاتا ہے کہ یسوع اس کے آگے پانی پر چل رہا ہے۔اور جیسے ہی پطرس پانی میں ڈوبنے لگتا ہے تو وہ مدد کے لئے پکارتا ہے۔اور دیکھو! یسوع فوراً اسے تھام کر بچا لیتا ہے۔

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................


........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

| منگل | سال دوئم عام ایام | 4۔اگست |
| --- | --- | --- |



**مقدس جان میری ویانی، کاہن** | **رنگ سبز / سفید**

ارمیا30:1۔2، 12۔15، 18۔22 زبور101

متی15:1۔2، 10۔14

**مرکزی آیت: ''وہ اندھے ہیں اور اندھوں کے رہنما۔'' متی 14:15**

یسوع میں اس طرح سے بات کرنے کا بڑا حوصلہ ہے۔ دراصل وہ ان فقیہوں اور فریسیوں کی طرف اشارہ کر رہا ہے، جو مذہبی حیثیت میں نہایت باوقار اور بااختیار سمجھے جاتے ہیں۔ یسوع ان کو اندھے کیوں کہتا ہے؟ کیونکہ وہ اس امر کو نہیں دیکھ پاتے کہ یسوع خدا کا بیٹا ہے۔ اس لئے وہ کسی شخص کی خدا کی طرف رہنمائی نہیں کر سکتے۔



## مقدسہ مریم کے بڑے گرجے کی تقدیس

رنگ سفید

ارمیا31:1۔7

زبور: ارمیا31:10۔13

متی15:21۔28

## مرکزی آیت: ''اسی گھڑی اس کی بیٹی اچھی ہوگئی۔'' متی15:28

اسی لمحے یسوع نے اس عورت کے ایمان کو ''عظیم'' کہا۔ یسوع نے اسکے ایمان کی عظمت کیسے دیکھی؟ دراصل یسوع نے اس عورت کی لگن، ثابت قدمی اور عاجزی میں اس کے ایمان کی عظمت دیکھی۔ اس نے یسوع میں اپنی امید کو قائم رکھا اور تین بار اس کو ''خداوند'' کہا۔ نیز اس بات کو تسلیم کیا کہ یسوع کا کلام ہر صورت میں سچا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## یسوع مسیح کی تبدیلیِ صورت

رنگ سفید

دانیال 9:7۔10، 13۔14 یا 2۔پطرس 16:1۔19 زبور 96

متی 1:17۔9

**مرکزی آیت: ''ایک روشن بادل ان پر چھا گیا۔'' متی 5:17**

پہاڑ پر تین شاگرد یسوع کے ساتھ مل کر دعا کر رہے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ پطرس نے موسیٰ اور الیاس کے ساتھ یسوع کی بات چیت میں اپنی مداخلت سے خلل ڈالا۔ مگر کوئی بھی اس کی طرف متوجہ نہیں ہوا۔ اب بادل بھی یسوع کے چہرے اور لباس کی طرح روشن ہیں اور انہیں ڈھانپ لیتے ہیں۔ وہ اندھیرے میں ہیں۔ لہذا بادلوں سے آنے والے الفاظ کو بخوبی سن سکتے ہیں۔ تم ان الفاظ کو یاد رکھ کے خزانہ کر لو کیونکہ اب کے بعد تمہیں یسوع کو تنہا دیکھنے کے لئے تیار ہونا چاہئے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................


..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| جمعہ | سال دوئم عام ایام | 7_اگست |
|---|---|---|



**مقدس سکٹس دوم پاپائے اعظم اور ساتھی شہید، مقدس کائتان، کاہن** | **رنگ سبز / سرخ**

**نحوم 2:1، 3، 3:1_3، 6_7**     **زبور: تثنیہ شرع 32:35_41**

**متی 16:24_28**

**مرکزی آیت: ”وہ ہر ایک کو اس کے اعمال کے مطابق بدلہ دے گا۔“ متی 16:27**

یسوع ہمارے کون سے اعمال دیکھنا چاہتا ہے؟ وہی جن کا اس نے خود ذکر کیا۔ یعنی اس کی پیروی کرنا، خودی کا انکار کرنا اور اپنی صلیب خود اٹھانا۔ جو کوئی ایسا کرے گا، اسے خدا کی طرف سے ایسا ابدی اور الٰہی انعام ملے گا جو اتنا شاندار ہے کہ اس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................



**مقدس دومینک، کاہن** | **رنگ سفید**

حبقوق 4:2؛12:1 زبور 9

متی 17: 14۔20

**مرکزی آیت: ”اے بے ایمان اور ٹیڑھی نسل!“ متی 17:17**

یسوع حیران ہے کہ اس کے اپنے شاگرد بھی اس کے کاموں سے یہ پہچان نہیں پاتے کہ خدا کی محبت کی طاقت اس میں کام کر رہی ہے۔ وہ یسوع کے بغیر اکیلے ایسے کام کرنا چاہیں گے۔ مگر انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ شیطان صرف یسوع کی موجودگی سے بھاگتا ہے۔ انہیں عاجزی سے یسوع کی مدد طلب کرنی چاہئے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

1۔سلاطین 19:9، 11۔13 — زبور 84 — رنگ سبز

رومیوں 9:1۔5 — متی 14:22۔33

**مرکزی آیت: ''اے کم ایمان والو، شک کیوں کیا؟'' ۔ متی 14:31**

یسوع پطرس کی سرزنش کرتا ہے۔ محض ہوا کے ایک تیز جھونکے نے اس کو بھلا دیا کہ یسوع وہاں اس کے ساتھ ہے۔ مگر یسوع نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اسے کشتی میں واپس لے آیا، یعنی کلیسیا میں۔ سرزنش اور ڈانٹ ڈپٹ خطرہ ٹلنے کے بعد کی جاتی ہے۔ یسوع کی شفقت اور نرم دلی اسی طرح کام کرتی ہے۔

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................



| مقدس لارنس شماس، شہید | رنگ سرخ |
|---|---|

2۔قرنتیوں 9:6۔10 زبور 111

یوحنا 12:24۔26

**مرکزی آیت: ''لیکن اگر وہ مرجائے تو بہت سا پھل لاتا ہے۔'' یوحنا 12:24**

مقدس لارنس بغیر خوف کے موت کا سامنا کرتا ہے۔ اس میں یسوع کی محبت کام کر رہی ہے۔ اسے علم ہے کہ اس کی شہادت یسوع کی گواہی کے لئے ضروری ہے۔ اس لئے وہ نہیں ڈرتا۔ وہ مرے گا مگر بہتوں کو زندگی دے گا۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................



## مقدسہ کلارہ (کنواری)

رنگ سبز / سفید

حزقیال 8:2؛ 4:3

زبور 118

متی 18:1۔5، 10، 12۔14

### مرکزی آیت: ’’جب تک تم بچے نہ بنو۔‘‘ متی 3:18

اسیسی کی مقدسہ کلارا ہمیں یسوع کے اس کلام کو نہ صرف سمجھنے بلکہ اس پر عمل کرنے میں بھی مدد دیتی ہے۔ وہ یسوع کو خداوند مانتی تھی اور بچے جس طرح اپنے ماں باپ کی سنتے ہیں، وہ اسی فرمانبرادری اور بھروسے کے ساتھ یسوع کی اطاعت کرتی تھی۔ میں جب بچہ ہوں تو میں اپنے آپ سے یہ نہیں پوچھتا کہ یسوع ٹھیک ہے یا نہیں۔ بلکہ میں وہی کرتا ہوں جو یسوع کہتا ہے۔ یسوع پر شک کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................



## مقدسہ جین فرانس دی چنٹل کنواری

رنگ سبز / سفید

حزقیال 9:1۔7؛ 10:18۔22

زبور 112

متی 18:15۔20

**مرکزی آیت: ''جہاں دو یا تین میرے نام پر جمع ہوں، میں وہاں ہوں۔'' متی 18:20**

کسی بھی گھر، شہر، پیرش یا جماعت کے لئے سب سے ضروری چیز کیا ہے؟ یہی کہ یسوع وہاں موجود ہو۔ اگر وہ موجود ہوگا تو یقیناً بیکار نہ ہوگا۔ بلکہ جہاں وہ ہوگا، وہاں محبت کے معجزے ہوں گے۔ تو پھر اس کے نام پر اکٹھے کیوں نہ ہوں؟ صرف ٹیلی ویژن یا سمارٹ فون کی سکرین پر نہیں بلکہ حقیقت میں اس طرح کہ ہم شخصی طور پر ایک دوسرے کی برداشت اور ایک دوسرے سے محبت کریں۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................


..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



مقدس پنطیان پاپائے اعظم اور ہپولیتوس، کاہن شہید

رنگ سبز، سرخ

حزقیال 1:12۔12

زبور 77

متی 21:18؛ 1:19

**مرکزی آیت: ''میرے ساتھ صبر کر، میں تجھے ادا کردوں گا۔'' متی 29:18**

یہ الفاظ یسوع نے اس خادم کے لئے کہے جو اپنے مالک کا مقروض تھا۔ وہ تجویز کرتا ہے کہ ہم بھی یہ الفاظ خدا باپ کے حضور کہیں۔ ہم اپنی ہر چیز کے لئے اس کے مقروض ہیں اور یقیناً واپس کچھ نہیں دے سکتے، سوائے اس کے جو وہ خود ہمیں دیتا ہے یعنی اپنی محبت۔ جب ہم ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں تو خدا کا دل مطمئین ہوتا ہے۔ کیونکہ ایک دوسرے کے ساتھ محبت کرنے سے ہم خدا کی مرضی پوری کرتے ہیں۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................


........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

| جمعہ | سال دوئم عام ایام | 14۔اگست |
| --- | --- | --- |




| مقدس میکسی ملین کو لبے، کاہن شہید، یوم آزادی | رنگ سرخ |
| --- | --- |

حزقیال 1:16۔15، 60، 63 زبور: اشعیاء 2:12۔6

متی 3:19۔12

**مرکزی آیت: ''وہ دو نہیں بلکہ ایک جسم ہیں۔'' متی 6:19**

جب آدم نے حیرانگی کے ساتھ حوا کو اپنے پاس دیکھا، تو اسے خدا کی طرف سے ایک مفت تحفہ سمجھا۔ آخر کار اس نے اپنی زندگی کو بار آور ہوتے دیکھا۔ حوا کے بغیر وہ مکمل مرد نہیں تھا اور نہ ہی کسی کے ساتھ محبت کرنے کے قابل۔ وہ دونوں فرمانبرداری سے خدا کے اس منصوبے کو پورا کرنے میں ایک دوسرے کے مددگار رہنے کہ ان کے بعد دوسرے انسانوں کو زندگی ملے۔ اس طرح ان کی انسانیت اس خدا کی مشابہت کرسکتی تھی، جس نے اپنے آپ کو مکمل طور پر انسانیت کو دے دیا۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

| 15۔اگست | سال دوئم عام ایام | ہفتہ |
|---|---|---|



## مقدسہ مریم کا آسمان پر اٹھایا جانا

رنگ سفید

مکاشفہ 19:11، 12:1۔6، 10

زبور 44

1۔قرنتیوں 15:20۔27

لوقا 1:39۔56

## مرکزی آیت: ''اس نے فروتنوں کو بلند کیا۔'' لوقا 1:52

یہ کلام مقدسہ مریم کے منہ سے نکلا، کیونکہ اس کی زندگی میں ایسا ہی ہوا۔ وہ ایک معمولی،نظر انداز کی جانے والی لڑکی تھی۔مگر خدا نے اسے اپنے بیٹے کی ماں اور اپنے جلال میں شریک بنایا۔اگر خدا فروتنوں کو بلند کرتا ہے،تو کیا ہم بھی ان کی عزت نہ کریں گے اور خود بھی حقیر اور فروتن بننے کی کوشش نہ کریں گے؟ تا کہ باپ کی توجہ سے محروم نہ ہوں۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

| 16۔اگست | سال اول عام ایام کا بیسواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|



| مقدس اسٹیفن آف ہنگری | رنگ سبز یا سفید |
|---|---|
| اشعیا56:1،6۔7 | زبور66 |
| رومیوں11:13۔15،29۔32 | متی15:21۔28 |

**مرکزی آیت: ''اس کی فریاد سنی۔'' متی15:23**

یسوع کے شاگرد اس عورت کی چیخ و پکار سے تنگ آ چکے تھے۔ وہ یسوع سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اس کی فریاد سنے۔ وہ یہ درخواست اس لئے نہیں کر رہے تھے کہ انہیں اس عورت سے ہمدردی تھی بلکہ اس لئے کہ وہ اس سے جان چھڑانا چاہتے تھے۔ مگر یسوع اس عورت کی پکار اپنے شاگردوں کو خوش کرنے کے لئے نہیں سنتا۔ بلکہ وہ اس عورت میں ایک ایسا ''عظیم'' ایمان اور عاجزی دیکھتا ہے جو حتیٰ کہ شاگردوں کے لئے بھی مثالی تھی۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

| سوموار | سال دوئم عام ایام | 17۔اگست |
| --- | --- | --- |

رنگ سبز

زبور: تثنیہ شرع 18:32۔21

حزقیال 15:24۔24

متی 16:19۔22

**مرکزی آیت: ''میرے پیچھے چل!'' متی 21:19**

کیا آپ جانتے ہیں کہ کیا ہوا تھا؟ ایک نوجوان یسوع کے پاس آیا اور پوچھا کہ اسے ہمیشہ کی زندگی کے لئے کیا کرنا چاہیئے؟ یسوع اس سوال پر خوش ہوا، کیونکہ آخرکار کوئی تو اس سے ایک سنجیدہ سوال پوچھ رہا تھا۔ یسوع ہی ہمیشہ کی زندگی ہے، جو خدا سے آتی ہے۔ اور اس لئے ابدی ہے۔ اس زندگی کو پانے اور گزارنے کے لئے یسوع کی پیروی کرنا ضروری ہے۔ کیا وہ نوجوان ایسا کرے گا؟ اس کے پاس بہت ساری قیمتی چیزیں تھیں جو اس کے لئے ضروری تھیں۔ لہذا اس نے ہمیشہ کی زندگی کو چھوڑ دیا۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

حزقیال 28:1۔10 زبور: تثنیہ شرع 32:26،28،30،35۔36

متی 19:23۔30

رنگ سبز

**مرکزی آیت: ''خدا کے ساتھ سب کچھ ممکن ہے۔'' متی 19:26**

یسوع نے اونٹ کو سوئی کے ناکے سے گزارنے کی مثال دی۔ کیا یہ ممکن ہے؟ کیا ایک دولت مند شخص خدا کی بادشاہی کا حصہ دار بن سکتا ہے؟ یہ امر خدا کا تحفہ ہے۔ اور خدا دولت مند کو بھی یہ توفیق دے سکتا ہے کہ وہ خدا کی بادشاہی کی خاطر اپنی قیمتی چیزوں کو ترک کر دے۔ یاد رہے کہ انسانی تاریخ میں کئی بار ایسا ہوا ہے۔

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

| 19۔اگست | سال دوئم عام ایام | بدھ |
|---|---|---|



## مقدس جان یودس، کاہن

رنگ سبز، سفید

حزقیال34:1۔11

زبور22

متی20:1۔16

**مرکزی آیت: ''تم بھی انگور کے باغ میں جاؤ۔'' متی20:7**

مالک مزدوروں کی تلاش میں ہے۔ کیا وہ ایسا اس لئے کرتا ہے کہ اسے اپنے تاکستان سے محبت ہے یا ان مزدوروں سے پیار؟ تاکہ وہ فارغ نہ بیٹھیں۔ یا کہ وہ اپنے خاندان کے لئے روزی کما سکیں۔ وہ ایسا اس لئے کرتا ہے کہ انہیں ان کے کام کی اجرت دے۔ وہ ان مزدوروں کو سکھانا چاہتا ہے کہ حسد نہ کریں بلکہ سب کی بھلائی چاہیں تاکہ تمام لوگ مفت میں ملنے والی خدا کی محبت سے لطف اندوز ہوں۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



| مقدس برنارڈ، صدر، راہب معلمِ کلیسیا | رنگ سفید |
|---|---|

حزقیال 36:23۔28 زبور 50


متی 22:1۔14

**مرکزی آیت: ''اس نے شادی کا لباس نہ پہنا تھا۔'' متی 22:11**

بادشاہ کے بیٹے کی شادی پر اس کا لباس خوشی اور مسرت کا اظہار نہیں کر رہا تھا۔ وہ اپنے لباس پر نازاں تھا۔ لہذا اس کے پاس کسی کو شکریہ کہنے کا جواز نہ تھا۔ ہاں! وہ دوسرے تمام لوگوں میں ممتاز اور نمایاں تھا۔ اس کا لباس کہہ رہا تھا کہ اس میں عاجزی نہیں۔ اس لئے وہ خدا کی بادشاہی میں داخل نہ ہو سکا۔

..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................
..........................................................

| جمعہ | سال دوئم عام ایام | 21۔اگست |
|---|---|---|



| رنگ سفید | پوپ پائس دہم |
|---|---|

زبور106

حزقیال1:37۔14

متی22:34۔40

**مرکزی آیت:"اپنے پڑوسی سے اپنی مانند محبت رکھ۔" متی22:39**

یہ حکم بھی پہلے حکم کی مانند ہے۔ کیونکہ اس میں بھی محبت کرنے کا حکم یکساں ہے، یعنی" تو محبت کرے گا۔" یہی ایک حکم ہے جو ہماری تمام زندگی، نیز خدا اور انسانوں سے ہمارے تعلقات کو بھرپور بناتا ہے۔ یہ ہمیں تقریباً اسی خدا جیسا بنا دیتا ہے جو کہ خود محبت ہے۔

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................



## مقدسہ مریم، ملکۂ دوجہاں

رنگ سفید

حزقیال 43:1۔7

زبور 84

متی 23:1۔12

## مرکزی آیت: ''تم سب بھائی ہو۔'' متی 23:8

یہ کہنا آسان، مگر عمل کرنا مشکل لگتا ہے۔ لیکن حقیقت یہی ہے۔ ہم خدا کے دل سے بھائی بھائی ہیں۔ بھائی بھائی ہونا بڑی خوشی کی بات ہے۔ مگر کیونکہ ہم خودغرض ہیں اس لئے اس سچائی سے چمٹے رہنا ہمارے لئے مشکل ہے۔ ہم خدا سے اپنی تبدیلی کی توفیق مانگیں گے تاکہ ہمارا بھائی چارہ نظر آئے۔ ورنہ ہم خدا کے فرزند کیسے کہلا سکتے ہیں؟

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 23۔اگست | سال اول عام ایام کا اکیسواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|



**مقدسہ روز آف لیما کنواری**

**رنگ سفید یا سبز**

**اشعیا 22:19۔23**

**زبور 137**

**رومیوں 11:33۔36**

**متی 16:13۔20**

## مرکزی آیت: ''پاتال اس پر غالب نہ آئے گا۔'' متی 16:18

اس کا مطلب کیا ہے؟ کیا کلیسیا کو فنا نہیں کیا جا سکے گا؟ یسوع نے بیابان میں شیطان سے کہا تھا ''چلا جا!'' اور وہ چلا گیا۔ مگر یسوع کو آزمانے سے باز نہ آیا۔ اسی طرح وہ کلیسیا کو بھی آزمائش میں ڈالنے سے نہ رکے گا۔ مگر شیطان کے لئے یسوع کا حکم اب بھی برقرار ہے: وہ غالب نہ آئے گا۔ کلیسیا ہمیشہ زندہ اور خدا کے ساتھ وفادار رہے گی۔ اس میں کئی غدار یہودہ اسخریوطی اور منکر پطرس پیدا ہونگے مگر وہ کلیسیا کو ختم نہ کر سکیں گے کیونکہ یسوع اپنی کلیسیا کے ساتھ وفادار ہے۔

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

| سوموار | سال دوئم عام ایام | 24۔اگست |
|---|---|---|



## مقدس برتلمائی رسول کی عید

رنگ سرخ

مکاشفہ 21:9۔14

زبور 144

یوحنا 1:45۔51

**مرکزی آیت: ''تم ان سے بھی بڑے کام دیکھو گے۔'' یوحنا 1:50**

برتلمائی نتن ایل حیران تھا کہ یسوع نے اسے انجیر کے درخت تلے صحائفِ مقدسہ کو پڑھنے اور سمجھنے میں مشغول دیکھا۔ اور یسوع نے کہا، یہ کافی نہیں۔ کیونکہ وہ اب صحیفوں کی تکمیل دیکھے گا۔ وہ یہ بھی دیکھے گا کہ وہ کلام جو فرشتے آسمان سے لائے تھے، اب درحقیقت یسوع میں پورا ہو گا۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## مقدس لوئیس، کالاسانز کا مقدس یوسف، کاہن

رنگ سبز یا سفید

2۔تسالونیکیوں 1:2۔3،13۔17

زبور 95

متی 23:23۔26

**مرکزی آیت: ’’افسوس تم پر جو رحم کو نظر انداز کرتے ہو۔‘‘ متی 23:23**

یسوع کی فکر یہ ہے کہ لوگ خدا کو ویسا ہی جانیں جیسا وہ ہے: یعنی رحیم، غصہ کرنے میں دھیما اور محبت میں بھرپور۔ جیسا کہ اس نے پہلے بھی کئی بار کہا تھا۔ کیا تم چاہتے ہو کہ کوئی اس بات کو جانے؟ تو پھر انہیں تمہارے اندر یہ رویے دیکھنے ہونگے۔ ورنہ تم جھوٹی گواہی دے رہے ہو۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

2۔تسالونیکیوں 3:6۔10، 16۔18 | زبور 127

رنگ سبز

متی 23:27۔32

**مرکزی آیت: ''جو کام نہ کرنا چاہے، وہ کھانے بھی نہ پائے۔'' 2۔تسالونیکیوں 10:3**

مقدس پولوس کے وقت بھی کلیسیا میں کچھ لوگ اتنے کاہل اور غافل تھے کہ وہ دوسروں کی محنت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بیکار زندگی گزار رہے تھے۔ پولوس ان کام چوروں کے لئے سخت الفاظ استعمال کرتا ہے۔ وہ جو خدا سے محبت اور یسوع کی پیروی کرتا ہے۔ وہ کام اور محنت سے جی نہیں چراتا۔ وہ کام کو اپنی صلیب سمجھتا ہے جسے خوشی کے ساتھ اٹھانا چاہئے۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................




## مقدسہ مونیکا

رنگ سفید

1۔قرنتیوں 1:1۔9

زبور 144

متی 24:42۔51

## مرکزی آیت: ''تیار رہو۔'' متی 24:44

مسیحی جانتے ہیں کہ یسوع مرا، دوبارہ جی اٹھا، اور باپ کے دہنے ہاتھ بیٹھا ہے۔ اب ان مسیحیوں کی زندگی کیسی ہے؟ وہ ''اس کی آمد کے منتظر'' ہیں۔ جیسا کہ ہم پاک ماس میں کہتے ہیں۔ ان کے لئے سب سے بڑی خوشی یسوع سے ملاقات ہے۔ کب؟ معلوم ہونا ضروری نہیں۔ بس ہم ہر وقت اپنے آپ کو اس ملاقات کے لئے تیار رکھتے ہیں۔

| جمعہ | سال دوئم عام ایام | 28۔اگست |
|---|---|---|



| رنگ سفید | مقدس آگسٹین ،اسقف، معلمِ کلیسیا |
|---|---|

زبور32

1۔قرنتیوں1:17۔25

متی25:1۔13

**مرکزی آیت:''وہ دولہے سے ملنے نکلیں۔'' متی1:25**

یسوع نے پہلے ہی اپنے آپ کو کئی بار ایسے دولہا کے طور پر پیش کیا ہے، جو لوگوں کے لئے خدا کی مکمل محبت کے لئے زندگی گزارتا ہے۔اس کے لئے خوشی منانا خوبصورت ہے۔آج کی تمثیل میں وہ خود بتاتا ہے کہ اس کا انتظار کس طرح ہونا چاہئے۔ وہ جو اسکے منتظر ہیں ، انہیں اپنی ہر چیز کو یسوع کے مطابق بنانا چاہئے۔ورنہ وہ یسوع دولہا سے ملاقات کے لئے تیار نہ ہوں گے۔

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................



## یوحنا اصطباغی کا یوم شہادت

رنگ سرخ

ارمیا 1:17۔19

زبور 70

مرقس 17:6۔29

### مرکزی آیت: ''وہ خوشی سے سنتا تھا۔'' مرقس 20:6

ہیرودیس یوحنا کی الٰہی حکمت سے بھرپور باتیں شوق سے سنتا تھا۔ دراصل یوحنا یسوع کی منادی کرتا تھا۔ ہیرودیس الجھا رہا کیونکہ اس کے الفاظ سے اس کے اپنے گناہ عیاں تھے۔ مگر محض شوق سے باتیں سننا ہی کافی نہیں۔ یہ کیسے ہوا کہ ہیرودیس نے یوحنا کا قتل کروادیا۔ دراصل جو واقعی توجہ سے سنتا ہے وہ اپنی زندگی میں تبدیلی لاکر اطاعت پسند ہوجاتا ہے۔ پھر وہ اپنے آپ کو خدا کے ساتھ متحد کرکے اپنی زندگی خدا کی محبت میں گزارتا ہے۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

| 30۔اگست | سال اول عام ایام کا بائیسواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|

ارمیا20:7۔9 زبور62

رنگ سبز

رومیوں12:1۔2 متی16:21۔27

**مرکزی آیت: ''جو میری خاطر اپنی جان کھوئے گا، وہ اسے پائے گا۔'' متی16:25**

یسوع نے اپنے شاگردوں کو اپنی موت کی خبر دی۔ کیا وہ شاگرد بھی، جو اس کی پیروی کرتے تھے، رد کئے جانے کا سامنا کریں گے؟ ہاں! اور وہ اس کے لئے تیار ہوں گے۔ یسوع کے لئے دکھ اٹھائے بغیر اور اس کی ہمراہی کا خطرہ مول لئے بغیر زندگی کا مزہ نہیں۔ میں ہمیشہ اس کے ساتھ رہوں گا۔ چاہے اس کے لئے کتنی ہی کوشش کیوں نہ کرنی پڑے اور دکھ اٹھانا پڑیں۔ اس طرح میرے پاس ایک سچی زندگی ہوگی جو کہ دنیا کے لئے خدا کا تحفہ ہوگی۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



مقدس ایڈن، اسقف

رنگ سبز یا سفید

1۔قرنتیوں 2:1۔5

زبور 118

لوقا 4:16۔30

**مرکزی آیت: ''وہ ان کے بیچ سے گزرتا ہوا آگے بڑھ گیا۔'' لوقا 4:30**

ہفتہ کے دوران ہم لوقا کی انجیل پڑھنے کا آغاز کرتے ہیں۔ ناصرت میں یسوع نے اشعیا نبی کے صحیفہ کی کچھ سطریں پڑھیں۔ اس کے گاؤں میں لوگ اسے یوسف کا بیٹا جانتے تھے۔ مگر نبی کا صحیفہ پڑھتے وقت اس نے واضح اشارہ دیا کہ پڑھے جانے والا کلام خود اس کی حقیقت کو بیان کر رہا ہے۔ اس اشارے سے اس کے گاؤں والے اتنے غضبناک ہوئے کہ اسے مار ڈالنا چاہتے تھے۔ مگر یسوع بغیر ڈرے ان کے بیچ سے اس طرح گزر گیا، جیسے کہتا ہو کہ مجھے غور سے دیکھو، ایک دن تم خدا کی نجات کے لئے مجھے تلاش کرو گے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................